یاد ش بخیر ایک زمانہ تھا کہ راشد جسم بیدار کرنے والے شعر لکھا کرتے تھے۔ اور اسے انقلاب سے تعبیر کرتے تھے۔ راشد کے ساتھ ایک ہی سانس میں میراجی کا نام لیا جاتا تھا۔ دونوں کی شاعری میں انقلاب اور بغاوت کے بہانے جنسیاتی، لذاتی اور اعصاب پر چھا جانے والی کیفیتوں کا اظہار ہوتا تھا۔ پھر راشد سنبھل گئے۔ ان کی شاعری میراجی کے فکری انداز سے جدا ہو گئی اور ڈاکٹر تاثیر، فیض اور اسی قبیل کے شاعروں کی راہوں سے گزرتی ہوئی اپنی انفرادی راہ پر گامزن ہو گئی۔ وہ ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ اور ازرا پاؤنڈ سے بھی کافی متاثر ہوئے ہیں۔ پڑھے لکھے آدمی تھے۔ آدھی زندگی سیر و سیاحت اور بیرونی ممالک میں گزاری۔ فکر و فن، قدیم و جدید دونوں سے آگاہ بھی تھے۔ اس کا شعور و درک بھی رکھتے تھے۔ پھر علم و آگاہی آج جن منزلوں میں ہیں ان سے ان کا ذہن اچھی طرح واقف تھا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک عرصے تک وہ پاکستانی سیاسی حالات کی ابتری پر نوحہ خواں رہے جس کی بہترین مثالیں ان کی نظمیں "سلیمان سر بہ زانو" اور "نمرود کی خدائی" ہیں۔ ان کی قومی درد مندی نے ان سے بڑی اچھی نظمیں کہلوائی ہیں اور انسانی ہمدردی اور دلسوزی نے کئی ایسی نظموں کو جنم دیا ہے جو اردو ادب کا بہترین سرمایہ ثابت ہوں گی۔ افسوس کہ اس وقت ہمارے سامنے نہ ان کا کوئی کلام ہے اور نہ ان کے شعری مجموعے، جن سے ان کی شاعری کا تاریخی جائزہ لیا جا سکتا۔ لیکن اتنا ضرور کہا ہے کہ اردو شاعری میں داخلی فکر اور سوچ نے جو نئے ترو تازہ گُل کھلائے ہیں، ان میں ن۔ م۔ راشد کو ایک اہم مقام حاصل ہو گیا ہے۔ ان کی موت اردو ادب پر گراں ہے۔

▲▲



افسانہ — طاہرہ زیدی

دیپک جل اٹھے

شمی کے ہاتھ سبزی چھیلتے چھیلتے اچانک رک گئے اور وہ دور سے کچھ سننے لگی۔ شاید گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز تھی۔ جب آواز نزدیک آنے لگی تو اس نے اٹھ کر پہاڑی سے نیچے جھانکا اور خوشی سے بولی۔ اماں دجو آگئی ہے۔

شمی کی نانی جو پاس ہی ایک کھاٹ پر بیٹھی چھالیہ کتر رہی تھیں کھانستے ہوئے بولیں کس کے ساتھ آئی ہے۔ کتنے آدمی ہو رہے ہیں۔ شمی نے جواب دیا اپنے میاں کے ساتھ آئی ہے گھوڑے پر بس وہی دونوں آئے ہیں۔ نانی بڑبڑانے لگی اے لو۔ کیا زمانہ آگیا ہے۔ جمعہ جمعہ آٹھ دن بیاہ کو نہیں ہوئے اور میاں کے ساتھ اکیلی نکلنے لگی ایک ہمارا زمانہ تھا۔ شمی کی ماں نے بات کاٹتے ہوئے کہا اماں اب آپ کا زمانہ نہیں ہے۔ شادی کے بعد دوسرا پھیرا ہے ماں باپ کے گھر۔ پہلے پھیرے میں تو چند رہ آدمی ساتھ تھے۔ اس پہاڑی راستے پر کون روز روز سواری کا انتظام کرتا ہے اور میاں کے ساتھ آنے میں کیا ڈر ہے بھلا۔ شمی کے ہاتھ تیز تیز چل رہے تھے۔ سبزی بنا کر اس نے پتیلی اور سبزی چولہے کے پاس رکھی۔ پھلکے بکریوں کے سامنے ڈالے۔ ہاتھ دھو کر دوپٹہ سنوارتے ہوئے ماں کی طرف دیکھ کر بولی۔ اماں رجو سے مل آؤں؟ آکر سالن پکاؤں گی۔

ہاں ہاں جاؤ۔ ماں نے جواب دیا۔ شمی اور رضیہ بچپن کی گہری سہیلیاں تھیں۔ دونوں کا معصوم بچپن اسی پہاڑی پر ہرنی کی طرح کلیلیں بھرتے اور ندیاں کے صاف شفاف چشمے پر چھلانگیں گزرا تھا۔ وہ سارا دن اپنی اپنی بکریوں کو ساتھ لئے نیچے اتر جاتیں۔ بکریاں چرا کرتیں اور وہ سارا دن درختوں پر گلہریوں کی طرح پھدک پھدک کر ٹہنیاں توڑتی اور کھاتی رہتیں۔ کیسا اچھا زمانہ تھا وہ بھی۔

عدنان نے گھوڑے سے اتر کر اسے درخت سے باندھا اور چشمے سے ہاتھ منہ دھو کر ایک بڑے پتھر پر آرام سے بیٹھ گیا۔ پھر اس نے دور تک پھیلی ہوئی اس پہاڑی کے اوپر بنے ہوئے ان گھروں کو دیکھنے لگا جو گنتی میں کل سات آٹھ تھے۔ گھروں سے دھواں اٹھ رہا تھا۔ شمی بھی کھانا پکا رہی تھی آج اسے بھی کچھ دیر ہو گئی تھی رضیہ سے باتیں کرتے کرتے وقت کا دھیان ہی نہیں رہا تھا۔ عدنان نے دوسری بار دور تک نگاہ دوڑائی نہ جانے آج اسے دیر کیوں ہو رہی ہے۔ اس کی آنکھوں میں شمی کا معصوم اور دلکش سراپا گھوم گیا اس کی نظر اس پتھر پر پڑی جہاں پہلی بار اس نے شمی کو دیکھا تھا اسے ایسے لگا جیسے ابھی شمی وہیں بیٹھی ہے اسے وہ منظر ابھی طرح یاد تھا جب وہ اپنی بندوق لئے شکار کی تلاش میں یہاں تک آنکلا تھا۔ بکریاں چرتے دیکھ کر وہ سمجھ گیا کہ یہاں پانی ضرور ہوگا۔ اسے سخت پیاس محسوس ہو رہی تھی۔ وہ چلتا ہوا چشمے کے قریب پہنچا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ ایک لڑکی [illegible] بیٹھی ہے [illegible] پانی کی ننھی ننھی بوندیں [illegible] شاید [illegible] ابھی ابھی چشمے پر [illegible] لڑکی کی [illegible] اس کے قریب [illegible] کھڑا ہو گیا۔ لڑکی نے جب پانی [illegible] ایک اجنبی [illegible] سیاہ آنکھیں حیرت اور [illegible] اور وہ عدنان کو سر سے پیر تک یوں گھورنے لگی جیسے وہ کوئی انوکھی مخلوق ہو [illegible] اس کی [illegible]

اس پہاڑی دوشیزہ کے حسن معصوم سے عدنان بہت متاثر تھا۔ لڑکی ابھی تک گم سم تھی۔ عدنان نے اس سے پوچھا تمہاری بستی میں مہمانوں کی تواضع اسی طرح ہوتی ہے لیکن لڑکی اب بھی کچھ نہ بول سکی۔ اس کی محویت ٹوٹ چکی تھی اور اب اس نے اپنا دوپٹہ بھی اٹھا کر اوڑھ لیا تھا۔ عدنان نے پوچھا تمہیں بولنا آتا ہے۔ لڑکی نے صد درجہ معصومیت سے اپنا سر اثبات میں ہلا دیا۔ اور عدنان کو ہنسی آگئی۔ میں تمہارے چشمے سے پانی پی لوں۔ اس نے پوچھا۔ لڑکی نے لیے جواب دیا پی لو۔ جیسے یہ چشمہ اسی کی ملکیت ہے اور اس کی اجازت کے بغیر وہ پانی نہیں پی سکتا۔ عدنان نے پانی پیا۔ منہ ہاتھ دھویا اور پھر پتھر پر بیٹھ گیا۔ تم کہاں رہتی ہو؟ اس نے گفتگو میں پہل کی نہ جانے وہ اس سادہ اور معصوم لڑکی سے اتنا متاثر کیوں ہو گیا تھا۔ لڑکی نے انگلی کے اشارے سے پہاڑی پر بنے ہوئے گھروں کی طرف اشارہ کر دیا۔

"تم کہاں سے آئے ہو؟" لڑکی کی جھجک اب دور ہو چکی تھی اور وہ عدنان سے خوفزدہ بھی نہیں تھی۔

"میں شہر سے آیا ہوں۔ آج کوئی شکار نہیں ملا پیاس لگ رہی تھی۔ پانی کی تلاش میں ادھر آگیا۔"

"اب تو پیاس نہیں ہے نا؟" لڑکی نے سادگی سے کہا۔

"نہیں، خوب سیراب ہو چکا ہوں۔ شکریہ ادھر آگیا تھا۔" عدنان نے ذومعنی فقرہ کہا، لیکن لڑکی نہ سمجھ سکی۔

"تمہارا نام کیا ہے؟" عدنان نے پوچھا۔

"شمی۔" لڑکی نے جواب دیا۔ تھوڑی دیر بعد شمی اس سے کافی گھل مل گئی تھی اور اس نے بتایا تھا کہ اس کا باپ مر چکا ہے۔ وہ ماں اور نانی کے ساتھ رہتی ہے۔ ایک کھیت ہے اور دس بکریاں۔ جن پر ان کی گذر اوقات ہے۔

"تمہیں اکیلے پھرتے ہوئے خوف نہیں آتا؟" عدنان نے پوچھا۔

"خوف کاہے کا؟" اس نے کمال معصومیت سے کہا۔ "یہاں کوئی چور ڈاکو نہیں آتے۔ یہ ہماری پہاڑی، ہمارا چشمہ ہے، ہمارے کھیت ہیں، یہاں کوئی کسی کا دشمن نہیں ہے۔" شمی نے کہا۔ یہ ان کی پہلی ملاقات تھی۔

عدنان اپنے تصور سے چونکا اس نے ایک بار پھر دور تک نگاہ دوڑائی اس کا چہرہ دمکنے لگا۔ شمی آہستہ آہستہ پہاڑی سے اتر رہی تھی اس کے دائیں بائیں، آگے پیچھے بکریاں سبز گھاس پر منہ مارتی آ رہی تھیں۔ آج میں دل کی بات کہہ کر رہوں گا۔ اس نے دل میں سوچا اور پہلی بار شمی اس کی شائستہ اور پروقار انداز سے جیسے اس کی گرویدہ ہو گئی تھی۔ مگر ایک دن وہ نہ آتا تو اس کی بے چین رہتی جیسے کوئی عزیز شے گم ہو گئی ہو۔ وہ پڑھی لکھی نہیں تھی لیکن اس کا دل بھی دل تھا معصوم تمنائیں دل میں کروٹیں لیتی تھیں [illegible] سہانے خواب آنکھوں میں پناہ گزین تھے۔ ویسے اس [illegible] کا ذکر ماں سے نہیں کیا تھا [illegible] [illegible] گھر [illegible] شادی شدہ [illegible] اور ادھر ادھر چلے [illegible] رضیہ اور شمی ہی لڑکیوں میں بڑی تھیں۔ باقی بچے چھوٹے تھے۔ اب رضیہ کی شادی ہو چکی تھی [illegible] [illegible] [illegible]

بولتا تھا۔ عدنان نے اس کی طرف دیکھا تو وہ کچھ کہتی کہتی رک گئی۔ "ناراض ہو بابو؟" شمی [illegible] [illegible] [illegible]

"ہاں!" اس نے مصنوعی غصہ دکھایا۔ پھر قریب ہی ایک پتھر پر بیٹھ گئی۔ "وہ میری سہیلی رضیہ ہے نا آج شہر سے آئی ہے اس سے ملنے گئی تھی۔ مجھے بہت دیر تو نہیں ہوئی؟ میں روٹی لانا بھی بھول گئی۔ میں نے روٹی بھی نہیں کھائی۔ ہاتھ بھی نہیں دھوئے۔" اس نے اٹھا کر ہوئے ہاتھ عدنان کے سامنے کر دیئے۔ عدنان کے انتظار کی سب کوفت بھاگ گئی۔ اس نے شمی کے دونوں ہاتھ پکڑ لئے۔

"تو نے روٹی کیوں نہیں کھائی؟" اس نے محبت سے لبریز لہجے میں پوچھا۔

"پھر بہت دیر ہو جاتی نا۔" اس نے اپنے ہاتھ چھڑاتے ہوئے کہا۔

"شمی ایک بات کہوں؟" عدنان نے پہل کی۔

"کون سی بات؟" شمی کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا ہر دھڑکن چہرے پر ایک تحریر رقم کر رہی تھی۔ گلاب سا گل چہرہ اوپر اٹھاتے ہوئے اس نے سوالیہ انداز میں عدنان کی طرف دیکھا۔

"یہ بتاؤ اگر ہمارے گھر سے تمہارے لئے کوئی پیغام لے کر آئے تو تمہاری ماں قبول کرے گی نا؟" عدنان نے پوچھا۔

"پتہ نہیں۔" شمی نے اپنے سرخ ہوتے چہرے کو دونوں ہاتھوں سے چھپا لیا۔ وہ اپنے دل کے بے طرح دھڑکنے سے پریشان تھی۔ کہیں بابو تک اس کے دل کی آواز تو نہیں جا رہی ہوگی۔ اس نے سوچا۔ جب کئی لمحوں تک شمی نے سر گھٹنوں سے نہ اٹھایا تو عدنان نے موضوع بدلنے ہی میں عافیت سمجھی۔ اور یوں بھی وہ جانتا تھا کہ شمی اس سے اتنی ہی محبت کرتی ہے جتنی وہ اس سے کرتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ اس نے زبان سے کچھ نہیں کہا لیکن آنکھوں کی زبان اور منہ کی بے زبانی اسے سب کچھ بتا رہی تھی۔

جب اس نے ایک بار کہا تھا شمی تیرے بغیر زندگی ادھوری ہے بالکل ویران، تو اس کے چہرے پر پھیلی شفق اور جھیل سی گہری آنکھوں پر گرتی اٹھتی لمبی لمبی ریشمی پلکوں کی جھالروں کی الٹ سے اس نے جیسے شمی کی آنکھوں میں پڑھ لیا تھا کہ بابو میں بھی تیرے بغیر زندہ نہیں رہ سکتی۔ شمی کے جذبات کی ترجمانی ہمیشہ اس کی آنکھیں ہی کرتیں۔ اور ایسے میں عدنان کی روح جھوم جھوم اٹھتی۔ اسے یہ وادی یہ چشمہ یہ سبزہ زار سب گنگناتے اور مسکراتے محسوس ہوتے۔

اچھا یہ بتاؤ رضیہ سے کیا کیا باتیں ہوئی تمہاری؟ عدنان نے بات بدل دی۔ اور شمی یوں سیدھی ہو کر بیٹھ گئی جیسے اس نے نہ بتایا تو وہ ناراض ہو جائے گا۔ آج رضیہ نے بہت ساری باتیں بتائی ہیں بابو۔ شہر کی باتیں۔ وہ کہہ رہی تھیں ہمارے گھر کے سامنے ایک بہت بڑے نواب کی حویلی ہے۔ اس کے بیس نوکر ہیں۔ وہ جیسے عدنان کو حیران کر دینے کے انداز میں بولی۔

"اچھا؟" عدنان نے حیرت سے پوچھا۔

"ہاں اور ان کے گھر کی عورتیں ایک کام بھی نہیں کرتیں وہ بس اچھے کپڑے اور زیور پہنے بیٹھی رہتی ہیں۔ اور رات کو گھر چراغ بھی نہیں جلتے، بجلی جلتی ہے۔ پتہ نہیں بجلی کیسی ہوتی ہے اماں سے پوچھ کر کبھی رجو کے گھر جاؤں گی، تو دیکھوں گی۔ بابو کیا تم نے بھی وہ حویلی دیکھی ہے۔ تمہارے گھر سے کتنی دور ہے؟"

"ہمارے گھر سے [illegible] [illegible] باتیں تمہیں [illegible] وہ لوگ زمین پر نہیں چلتے۔" پھر کب سے پوچھتے ہیں؟ شمی کی آنکھیں تعجب سے کھلی ہوئی تھیں۔ ان کی حویلی کے کونے کونے میں قالین بچھے ہوتے ہیں زمین نظر نہیں آتی۔ اور ان کی لڑکیاں بھی بہت خوبصورت ہیں۔ وہ سکول اور کالج میں پڑھتی ہیں۔ شمی کے دل میں جیسے چھن سے کوئی چیز ٹوٹ گئی۔

"تم نے دیکھیں ہیں بابو؟"

"ہاں وہ کوئی پر وہ حقوقیاں بھی کرتی ہیں؟" عدنان نے کہا۔ "لیکن ایک بات ہے وہ سب مل کر بھی تیرا مقابلہ نہیں [illegible] اور شمی کے چہرے پر بہار مسکرانے لگی۔

پھر سات روز بعد شمی چشمے پر آئی تو بہت اداس تھی۔ اسے ہر سمت جیسے ویرانی نظر آ رہی تھی۔ آج وہ بابو کے آنے سے پہلے ہی پہنچ گئی تھی اور سوچ رہی تھی کہ آج بابو کا سامنا کیسے کرے گی۔ اسے کیا پتہ تھا کہ سب کچھ اچانک ہو جائے گا۔ اور پھر کل کا نقشہ اس کی آنکھوں میں گھوم گیا۔ گذری ہوئی کل جو اسے اپنے بابو سے کتنی دور لے گئی تھی۔ کل جب اچانک ہی رضیہ اپنے میاں کے ساتھ آئی تو اس کے ساتھ زرق برق لباس پہنے زیورات سے لدی پھندی چار پانچ عورتیں بھی تھیں ان کے ساتھ مٹھائی کے ڈبے پھلوں کے ٹوکرے اور نہ جانے کیا کیا تھا۔ رضیہ نے خوشی سے اسے اپنے ساتھ لپٹا لیا اسے کچھ دیکھ رہی اسی حویلی سے آئی ہیں۔ میں نے انہیں بتایا تھا کہ میری ایک سہیلی ہے بہت سندر، بہت پیاری۔ انہوں نے تیرا پیغام ماں جی سے لے لیا ہے۔ مگر شمی کی نظروں میں تو اپنے بابو کا سراپا گھوم رہا تھا۔ اسے دولت نہیں اپنی محبت چاہیئے تھی۔ مگر آج اس کی محبت لٹ رہی تھی اور ماں جی خوش تھیں کہ بیٹی کی قسمت کھل گئی ہے۔ گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز سن کر وہ چونک پڑی، بابو گھوڑے کو درخت سے باندھ رہا تھا۔ شمی کے دل میں جیسے درد کا دریا کروٹیں لینے لگا اور جب عدنان نے قریب پہنچ کر اس کے اداس چہرہ کو دیکھا تو بے چین ہو گیا۔

"کیا بات ہے شمی؟" اس نے اس کی آنکھوں میں تیرتی نمی کو دیکھ کر پوچھا اور شمی کے ضبط کا بند جیسے ٹوٹ گیا جب وہ دونوں ہاتھوں سے چہرہ چھپا کر سسکنے لگی تو عدنان نے اس کی انگلی میں پڑی جگمگاتی ہیرے کی انگوٹھی دیکھ لی۔ اور سب کچھ سمجھ گیا۔ شمی پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔ عدنان نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا "شمی میں سمجھ گیا ہوں۔ ہیرے کی یہ انگوٹھی مجھے اپنی کم تر حیثیت کا احساس دلا رہی ہے۔ میں نے سوچا بھی نہ تھا کہ ایسا ہو سکتا ہے۔ پر تم مجھے کچھ بتاؤ تو سہی۔" شمی نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے مختصر الفاظ میں اسے کل کی روئیداد سنا دی۔ وہ خاموش بیٹھا تھا۔ اداس اور ساکت شمی کا دل جیسے کٹنے لگا۔ اس نے پہلی بار [illegible] باہوں کی نظریں اس کا طواف نہیں کر رہی تھیں اس لئے وہ بابو کا چہرہ دیکھ سکتی تھی۔ کتنا پریشان تھا وہ اس کے سیاہ گھنگھریالے بالوں پر دھوپ کی ایک ہلکی تہہ جمتی جا رہی تھی گرد وہ نہ جانے کتنی دور سے گھوڑا دوڑاتا اس کے پاس آتا ہے۔ اس کی بڑی بڑی خوبصورت آنکھوں میں مایوسیاں اور ویرانیاں صاف نظر آ رہی تھیں اور وہ چشمے کے پانی پر نظریں جمائے شاید اپنی کھوئی محبت کا عکس تلاش کر رہا تھا۔

ذرا دیر بعد اس نے سکوت توڑا۔ شمی میرے پاس محبت تھی دولت نہ تھی شاید میں تمہیں کبھی اتنی دولت نہ دے سکتا لیکن [illegible] محبت [illegible] دولت [illegible] [illegible]

[illegible]

ہاں شمی [illegible] [illegible] [illegible] دولت کی [illegible]

کی ایک محبت ہے [illegible] دولت کی [illegible] چشمہ [illegible] ہمارا یہ شمی وہ کیسے [illegible] معصومیت [illegible] ایسے عدنان بولا کہ اس انگوٹھی کو چشمے میں پھینک دو اور میرے ساتھ چل میرے گھر جہاں میں لے جاؤں۔ اس نے گھوڑے کی جون [illegible] شمی چیخ پڑی [illegible] ماں باپ کی عزت کا جنازہ نکال کر اپنے سر پر محبت کے پھول سجا لوں۔ تم نے یہ کیوں نہ کہا بابو کہ اس پانی میں کود کر اپنی جان دے دے۔ [illegible] پچھتاؤ گی۔

پھر جب غبار چھٹا ہوا تو سامنے بیٹھے ہوئے پشیمان عدنان سے اس نے آخری بات کہہ دی [illegible] [illegible] کی امید نہیں تھی میں عزت کو نہیں محبت کو قربان کر سکتی ہوں گی۔ وہ تم بھی سمجھ سکتے ہو اس نے انگوٹھی کی طرف دیکھتے ہوئے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

عدنان جو شہزادوں کی سی شان سے رہتا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ایک مکان جہاں خوبصورت [illegible] شمی کے معصوم حسن کو جب بناؤ سنگھار سے سنوارا گیا [illegible] کے سنہری کام والے جوڑے میں جھلمل جھلمل کرتے زیورات پہن کر وہ دیو مالائی کہانیوں کی حسن کی دیوی معلوم ہو رہی تھی۔ مگر [illegible] [illegible] [illegible] کانپتی ہوئی پلکوں کے پیچھے بند آنکھوں میں کتنے خوابوں کا خون ہے۔ وہ پھولوں اور موتیوں کی لڑیوں سے سجی ہوئی مسہری پر گاؤ تکیے سے ٹیک لگائے کوئی حکم بجا لا رہی تھی۔ اس کے پاس سے تمام عورتیں جا چکی تھیں۔ بھاری قدموں کی آہٹ پر اس کا سر آپ ہی آپ جھکتا چلا گیا۔ [illegible] جگمگانے لگے۔ اسے اپنی مسہری پر بوجھ کے بڑھنے کا احساس ہوا۔ پھر کسی کے ہاتھوں نے اس کا دوپٹہ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] وہ آنکھیں کھولنا چاہتی تھی [illegible] [illegible] رہا جیسے پتھر کی ہو۔

[illegible] کسی نے اس کے کان میں سرگوشی کی۔ وہ جیسے اس کے [illegible] [illegible] آنکھوں کے سامنے [illegible] [illegible] شمی کی زبان لڑکھڑانے لگی [illegible] عدنان نے جواب دیا [illegible] [illegible] خوش قسمت [illegible] [illegible] اور دیپک جل اٹھے۔

▲▲

ترقیاتی فنڈز کے سلسلے میں سندھ کو پنجاب پر کبھی ترجیح نہیں دی گئی

پسماندہ ہونے کی وجہ سے سرحد اور بلوچستان کو زیادہ رقمیں دی گئیں

آئندہ پنجالہ منصوبے میں بھاری صنعتوں پر زیادہ توجہ دی جائے گی: رفیع رضا

[illegible]

پاکستانیوں کو صحیح قیادت میسر آجائے تو وہ عظیم کارنامے انجام دے سکتے ہیں

ہم اپنے ذرائع کے بل پر پاکستان کی تقدیر بدل سکتے ہیں: اصغر خاں

[illegible]

عہدے پورے نہ کرنے والی پارٹی کو اقتدار میں رہنے کا کوئی حق نہیں: کھر

میں نے دیہی آبادی کے لوگوں کی خدمت کی ہے

[illegible]

اقوام متحدہ میں اسلامی کانفرنس کی نمائندگی سے عالمی تعاون میں اضافہ ہوگا

پاکستان کی طرف سے کانفرنس کو مبصر کی حیثیت ملنے کا خیر مقدم

اسلام آباد — ریڈیو رپورٹ۔ پاکستان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اسلامی کانفرنس کو مبصر کی حیثیت دینے کا خیر مقدم کیا ہے۔ [illegible]

پنجاب سے ناانصافی اور صوبے کے لیے خودمختاری کے نعروں سے علیحدگی پسندی کی بو آتی ہے: پیرزادہ

مجرنے اپنے اقتدار کے دوران پنجاب کے ساتھ ناانصافی کی کبھی بات نہیں کی

پنجاب کے عوام صوبہ پرستی کا نعرہ لگانے والوں سے ہوشیار رہیں

[illegible]

اصغر خان کو امریکہ جانے کے لیے زرِ مبادلہ نہیں دیا گیا

نیویارک میں امریکہ اور کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں کا پہلا کنونشن شروع ہو گیا

کراچی — [illegible]

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورتِ رشتہ

[illegible]

•

ایک ۲۸ سالہ [illegible] جو ٹورانٹو میں سکونت رکھتا ہے عقدِ ثانی کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ پتہ ذیل پر مراسلت کیجیے۔

2.M.
C/o CRESCENT

ضرورت ہے

ایک بے بی سٹر کی ضرورت ہے جو گھر میں ساتھ رہ کر بچے کی دیکھ بھال کر سکے۔

فون: 1-683-7812
HAMEED NAQVI
118 PITTMANN CRES.
AJAX, ONT. L1S 3G5

سونی کے ٹی۔وی اور ریڈیو

بازار سے کم قیمت پر سونی کے ریڈیو، ٹیلی ویژن اور ٹیپ ریکارڈ خریدنے کے لیے ہم سے ربط قائم کیجیے:—
493-4374

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے)

مباحثہ

ٹورانٹو میں "یونیٹیرین کانگریگیشن" کی جانب سے "ٹورانٹو میں نسلی امتیاز" کے عنوان پر مباحثہ منعقد کیا جا رہا ہے جس میں ممتاز شہری حصہ لیں گے۔ اور سامعین کو موقعہ دیا جائے گا کہ وہ مقررین سے سوال کریں۔

بتاریخ ۹ نومبر ۲ بجے دن
بمقام: 175 ST. CLAIR AVE. W.

محکمہ ڈاک کی ہڑتال

[illegible]

OK. You've told us where to go...

[illegible]

...Now come and see how it's going

ہم چاہیں گے کہ آپ آئیں اور دیکھیں کہ ہماری نظر میں آپ کس قسم کی تفریح گاہ چاہتے ہیں۔ آپ کا ردِ عمل ہمیں اپنے اگلے اقدام کا فیصلہ کرنے میں مدد دے گا۔

بروز جمعہ ۷ نومبر کو ساڑھے آٹھ بجے شب یا بروز اتوار ۹ نومبر کو ۲ بجے دن آپ کو اس تفریح گاہ پر ایک عام میٹنگ میں شرکت اور سلائیڈ کے ساتھ اس جگہ کا دورہ کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔

یاد رکھیے کہ جمعہ ۷ نومبر کو ۸½ بجے شب اور اتوار ۹ نومبر کو ۲ بجے دن ___

Harbourfront

235 Queen's Quay West

Ministry of State Urban Affairs Canada — Ministère d'État Affaires urbaines Canada

HARIS ENTERPRISES PRESENTS

فلم: بنارسی ٹھگ (رنگین)

ستارے: فردوس، اعجاز، الیاس کاشمیری، رنگیلا، منور ظریف۔

Friday, Nov. 7, at [illegible]
Saturday, Nov. 8, at 3.00 6 [illegible]
Sunday, Nov. 9, at 1.00, 4.00 & 7 00 PM

RELAX CINEMA
344 COLLEGE STREET
(Two Blocks West of Spadina Ave)

[illegible]
424-2925

وزیراعظم مجھ پر الزامات لگائیں میں جواب دوں گا: غلام مصطفےٰ کھر

عوام حکمران طبقے کا ساتھ چھوڑ چکے ہیں

میں نے ابھی تاش کا ایک ہی پتا پھینکا ہے

[illegible]

ترکی کے زلزلہ زدگان کے لیے پاکستان کی امداد

[illegible]

بنگلہ دیش حکومت نے اخبارات کے بارے میں اپنی پالیسی میں تبدیلی کرنا شروع کر دی


[illegible]


اصغر خاں نے ہر جگہ مستحکم ... اور ضعیف ... تحریک استقلال ...

[illegible]

اندرا حکومت نے گاندھی کے دو بیٹوں کو بھی گرفتار کر لیا

[illegible]





وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیے تحفہ لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔

مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ویڈیو ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجوانے کیلئے

خوابوں کی تعبیر۔ خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International
Unique Trade & Commerce
P. O. BOX 368 STATION 'J'
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO—CANADA
Phone: (416) 459-0820

Please Visit Us for

FRESH HALAL MEATS, ALL KINDS OF SPICES, ALL KINDS OF DALLS, PICKELS, FRESH VEGETABLES & TROPICAL FRUITS ETC. ETC.

PANDORA VARIETY

118 PANDORA AVE., N., KITCHENER, ONT.
PHONE: 744-4041
OPEN DAILY FROM 9.00 AM TO 10.00 PM
ON WEDNESDAY OPEN FROM 6.00PM TO 10.00PM ONLY

چھ سو پچاس ۶۵۰ ڈالر میں حج بھی کیجیے اور پاکستان بھی جائیے!!

گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی حج کے مبارک موقع پر ہم نے گروپوں میں سفر کا انتظام کیا ہے۔

ہم آپ کی بہترین خدمت کر سکتے ہیں

ہمیں اس کا موقع دیجیے۔

REHBER TRAVEL SERVICE
152 Madison Avenue
New York 10016
U.S.A.
Phone (212) 889-2056
on Sundays (212) 476-3121

پندرہ روزہ
کرسینٹ
شورشٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ •
سُن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

اسلامی قوانین — تاخیر کیوں؟

پاکستان کی ہر حکومت اور ہیئت مقتدرہ سوادِ اعظم کو اس امر کا یقین دلانے میں کبھی کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتی رہی کہ اسلام کے نام پر معرض وجود میں آنے والے پاکستان میں اسلامی ضابطۂ حیات جاری و ساری کیا جائیگا اور تمام مروجہ قوانین کو بتدریج قرآن و سنت کے مطابق ڈھالا جائے گا۔ ہم پاکستانیوں کی یہ انتہائی بدنصیبی تھی کہ پاکستان کو پوری دنیا کے لئے اسلامی معاشرہ کا قابل تقلید نمونہ بنانے کی آرزو سے سرشار قائد اعظم کو اپنا یہ خواب شرمندہ معنی کرنے کی مہلت نہ ملی۔ ان کے بعد اس سلسلہ میں جو تھوڑا بہت کام ہوا وہ قرارداد مقاصد تک ہی محدود رہا بہرکیف یقین دہانیوں کا سلسلہ جاری رہا اور اب بھی ہے۔ چنانچہ وفاقی وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور ملک محمد جعفر نے ابھی گذشتہ روز حلقہ نمبر ۲ کے ایک انتخابی جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ سات سال کے عرصہ میں تمام قوانین کو اسلامی تقاضوں کے مطابق ڈھال دیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں انہوں نے آئین کے آرٹیکل ۲۲۷ سے ۲۳۱ تک اسلامی دفعات کے تقاضوں کی بڑی تفصیل کے ساتھ وضاحت بھی کی ہے۔ ادھر ملک میں مروجہ قوانین اور نظام قوانین سے بیزاری کا اظہار بھی ہوتا رہتا ہے۔ کبھی کہا جاتا ہے کہ یہ نظام قانون ملک میں قانون کی علمداری کا ضامن نہیں بن سکتا۔ کبھی ارزاں اور بلا تاخیر انصاف کے ضمن میں مروجہ نظام قانون کی بے بضاعتی کا تذکرہ کیا جاتا ہے اس سلسلہ میں وفاقی وزیر قانون ملک معراج خالد نے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ ملکی قوانین کی بہت جلد اصلاح کی جائے گی تا کہ انہیں ملک کے موجودہ سماجی و اقتصادی حقائق سے ہم آہنگ کیا جاسکے۔ اس بارے میں انہوں نے قانون کمیشن کی مجوزہ اصلاحات کا بھی ذکر کیا اور بتایا کہ ممتاز وکلا اور قانون دانوں پر مشتمل کمیٹی کمیشن کی سفارشات پر غور کر رہی ہے اور حکومت اس کمیٹی کی سفارشات کا بڑی بے تابی سے انتظار کر رہا ہے۔

پاکستان کو جو نظام قانون انگریز سے ورثہ میں ملا تھا وہ سامراجی حکمرانوں نے اپنے مخصوص مفادات کی تکمیل و تحفظ کے لئے اپنی جنوبی ایشیائی نو آبادیات میں رائج کیا تھا۔ ہمارے پڑوسی بھارت نے تو اس نظام قانون میں تھوڑی بہت تبدیلیاں کی ہیں۔ وہ اس نظام کو یکسر تبدیل کرنے سے اس لئے قاصر رہا ہے کہ وہ ہندو تہذیب کے چند شاستروں کا وارث ہونے کے باوجود قانون و انصاف کی علمداری کا کوئی بہتر طریقہ وضع نہیں کر سکا لیکن ہم پاکستانی اکمل ترین ضابطۂ حیات کے امین ہونے کے باوجود اسے جاری و ساری کرنے سے گریز و اجتناب کر رہے ہیں۔ ہم نے اصلاحات اور قوانین کو حالات کے مطابق ڈھالنے کے طرق ہیں گذشتہ [illegible] برس میں مروجہ قوانین میں تبدیلیاں تو بہت کی ہیں لیکن ہم نظامِ قانون و انصاف کو اپنی ملی عوامی امنگوں اور آرزوؤں کے مطابق نہ بنا سکے کیونکہ ہم نے قوانین کو اور تو سب کچھ بنایا انہیں قرآن و سنت کے مطابق ڈھالنے یا یوں کہیے کہ اسلام کو عملی طور پر نافذ کرنے سے گریز ہی کیا ہے۔ ملک معراج خالد جیسے اسلامی ذہن نے بغیر قوانین میں اصلاح اور انہیں [illegible] اقتصادی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے

کی بات کی ہے جو ٹھیک ہے مگر ہمیں تو انتظار رہا ہے کہ مجوزہ اصلاحات بھی اسلام سے عاری اور آئین کی قانونی اسلامی دفعات سے متصادم نہیں ہوں گی خواہ یہ اصلاحات ویسٹرن پیٹرن کو پیش نظر رکھ کر کی جائیں یا جدید نظاموں کی تقلید میں بروئے کار لائی جائیں۔ اسلام محض رسوم و عبادات کا مجموعہ نہیں یہ فکری، ذہنی، دینی، سماجی و اقتصادی انقلاب تھا۔ اسلام نے دنیا کے نظام اقتصادیات کو زیر و زبر کرکے سود و استحصال سے پاک نظام زر پیش کیا تھا۔ اور آج ہم سود کے نظام زر کی پیدا کردہ افراط و تفریط، احتکار و اکتناز، استحصال، لوٹ کھسوٹ وغیرہ ایسی لعنتوں کے جس عذاب میں مجلس رہے ہیں اس سے نجات کی صرف اور صرف یہ صورت ہے کہ ہم اسلامی ضابطۂ حیات کو مکمل طور پر جاری و ساری کرکے مادی و روحانی آسودگی سے ہمکنار ہونے کی راہ اختیار کریں۔

پاکستان میں آزادی کے ۲۸ برس گذرنے کے باوجود اسلامی نظام حیات اور اسلامی قوانین نافذ نہ ہونے کی صرف یہ وجہ ہے کہ اسلام کی طبقاتی زد زیادہ تر انہی لوگوں پر پڑتی تھی جو ہیئت مقتدرہ کے مالک و مختار تھے۔ اس کے بعد وہ لوگ اس کی زد میں آتے تھے جن پر دو سو سال کے بعد عشرت و عزت کے نئے دروازے اس طرح کھلے تھے کہ ان پر جن برسنے لگا تھا اور جو اسلامی سپرٹ کے برعکس احتکار و اکتناز کے گرویدہ ہو گئے تھے اور جنہوں نے ہمہ جہتی استحصال کو اپنی زندگی کا مقصد بنا لیا تھا۔ اسلامی قوانین و نظام کی احتسابی زد سے متاثر ہونے والا بیشتر طبقہ وہ لوگ تھے جو انتظامیہ میں بہت زیادہ بااثر لیکن اپنے مزاج کے اعتبار سے اپنے استعماری آقا سے بھی زیادہ انگریز تھا۔ اس کی افسر شاہی اسلامی قوانین کے سامنے زمین بوس ہو جاتی تھی یہی وہ تین طبقے تھے جو اسلامی نظام حیات و قوانین اسلامی کی ترویج میں دیوار بن کر کھڑے ہو گئے اور قوم کو محض یقین دہانیوں یا اصلاحات و ترامیم پر ٹرخاتے رہے۔ آج بھی یہی تین طبقے اہل پاکستان کی امنگوں اور آرزوؤں کی تکمیل کی راہ میں حائل ہیں۔

پاکستان کے نئے آئین کو سابقہ دساتیر کے مقابلہ میں بلاشبہ زیادہ اسلامی بنانے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ اسلام کو مملکت کے سرکاری مذہب کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہے۔ تمام مروجہ قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالنے، شریعت کے منافی کوئی قانون وضع نہ کرنے کا عزم بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ اسلامی مشاورتی کونسل کا قیام بھی عمل میں آ چکا ہے جو آئندہ سات سال تک تمام قوانین و اسلامی [illegible] کے بارے سفارشات پیش کرے گی۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ زندگی کے ان شعبے [illegible] میں اسلامی قوانین کی [illegible] نفاذ کے لئے ان طویل مراحل سے گذرنے کی ضرورت ہے۔ آخر شراب نوشی، زنا، قتل، چوری، ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ وغیرہ ایسے گھناؤنے جرائم کی حد اسلامی شریعت کے مطابق [illegible] قوانین نافذ کرنے میں کیا امر مانع ہے؟ شراب کی کھلی بندش کیوں نہیں کی جاتی؟ سرکاری [illegible]

تقاریب اور پارٹیوں میں اسلامی اقدار و شعائر کا کھلم کھلا مذاق اڑانے کی کیوں اجازت دی جا رہی ہے؟ سرکاری سرپرستی میں نکلنے والے اخبارات، جرائد، رسائل میں فحاشی کی اجازت کیوں دی جا رہی ہے؟ ٹیلی ویژن کی [illegible] کر کے اوباش نوجوانوں کو کیوں [illegible] رہا ہے؟ سرکاری ادارہ "نیشنل [illegible]" کے ذریعہ [illegible] ہونے والی فلمیں ہماری معاشرتی اقدار کا مذاق کیوں اڑا رہی ہیں؟ پھر اسلامی قوانین کے نفاذ کے لئے سات سال تک انتظار کی پخ کیوں؟ کیا یہ کام جلدی نہیں ہو سکتا؟ اسلامی مشاورتی کونسل کے پاس پہلے بھی [illegible] رپورٹ پیش کر رہی ہے۔ اس کے بعض حصے اخبارات میں بھی شائع ہو چکے ہیں لیکن اسے کبھی قوی اسمبلی میں پیش [illegible] [illegible]۔ تعویق آخر کیوں؟

نپولین صرف اقتدار کا پجاری تھا

ابوذر غفاری

چند ہفتے قبل ہمارے وزیر اعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو نے مسٹر ژیرار ژرامیٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ وہ جتنے سیاستدانوں سے ملے ہیں، ان میں وزیر اعظم چو این لائی کی شخصیت نے ان کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے اور وہ ان کو ایسے ہی ایک مکمل انسان سمجھتے ہیں جیسے کہ نپولین ایک مکمل انسان تھا۔

جہاں تک نپولین کو مکمل انسان کہنے کا تعلق ہے تو مسلمان آنحضرت صلعم کو مکمل اور کامل انسان سمجھتے ہیں اور ان کے نزدیک وہی ایک ایسے معیار ہیں کہ کسی آدمی کے مکمل ہونے کو جانچا جا سکتا ہے۔

نپولین کو اگر اس معیار کے ساتھ دیکھا جائے تو اس کی کیا حقیقت ہوگی۔ سچ تو یہ ہے کہ اگر نپولین کی شخصیت کا بنظر غائر مطالعہ کیا جائے تو وہ ایک ایسا شخص نظر آئے گا جس کو دنیا میں سوائے اقتدار کے اور کسی چیز کی خواہش نہیں اور اسے حاصل کرنے کے لئے وہ ہر حربہ استعمال کرنے کیلئے تیار تھا۔ اس لئے اسلامی معیار تو کجا، وہ عام معیار پر بھی پورا نہیں اترتا۔

جب تک میں نے بھی نپولین کا محض سطحی مطالعہ کیا تھا تو اس وقت میں بھی اس کی متحرک اور ڈرامائی شخصیت سے مسحور ہو کر اس پر کسی قسم کی جرح قبول کرنے کے لئے تیار نہیں تھا لیکن جب میں نے نپولین بوناپارٹ کو زیادہ گہرائی اور تحقیقاتی نظر سے پڑھنا شروع کیا تو میرے دل میں پہلی دفعہ اس کی شخصیت کے بارے میں شکوک و شبہات پیدا ہونے شروع ہو گئے۔ مجھے سب سے پہلے جس چیز نے حیرت میں ڈالا، وہ نپولین کی انقلاب فرانس کے ساتھ غداری تھی۔

سب جانتے ہیں کہ انقلاب فرانس حریت، مساوات اور اخوت کا نعرہ لگا کر انسانیت کی نجات کی خاطر برپا ہوا تھا۔ اس انقلاب نے درد دل رکھنے والے یورپ کے باشندوں کے دلوں میں امید کا چراغ جلا دیا تھا۔ اور وہ انسانیت کی نجات کے لئے فرانس کی طرف دیکھنے لگے تھے جیسا کہ ۱۹۱۷ء میں روس میں اشتراکی انقلاب کے بعد یورپ بلکہ دنیا کے کئی ملکوں نے روس کی طرف امید بھری نگاہوں سے دیکھنا شروع کر دیا تھا۔ بہرکیف جب انقلابیوں نے فرانس کے شہنشاہ کو تہ تیغ کیا تو تمام یورپ کے تخت ہل گئے اور انہوں نے اس انقلاب کو ختم کرنے کا تہیہ کر لیا لیکن یورپ کے لوگوں کی بڑی تعداد کی ہمدردیاں فرانس کے ساتھ تھیں۔ اس لئے سب انقلابیوں پر کھلے ہونے [illegible] ناکام ثابت ہونے اور انقلاب جو ایک مقدس تازہ [illegible] [illegible] تھے، انہوں نے ایک تخت کے بعد دوسرا تخت [illegible] شروع کر دیا۔ اب چاہیے تو یہ تھا کہ فرانس یورپ [illegible] انقلاب کے مقاصد کو عمل جامہ پہنایا جاتا لیکن اس کی بجائے پھر اسی شہنشاہیت کو اپنایا گیا۔ فرق صرف اتنا ہوا کہ پہلے بادشاہوں کی بجائے نئے بادشاہ تخت پر براجمان ہو گئے اور عوام پہلے کی طرح پستے رہے۔ اب جس [illegible] کی صرف ایک وجہ تھی اور وہ نپولین کی اقتدار

اور شان و شوکت کی ہوس۔ انقلاب کی طاقت نے نپولین کو موقع دیا کہ وہ اپنی عسکری صلاحیتوں کے جوہر دکھائے، لیکن اس نے انقلاب کی بے پناہ طاقت اور یورپ کے عوام کی ہمدردیوں کو اپنے ذاتی وقار کو بڑھانے کے لئے استعمال کیا۔ اسی لئے کہتے ہیں کہ نپولین انقلاب فرانس کا بیٹا تھا لیکن وہ شہنشاہیت کا صرف علمبردار ہی نہ تھا (شاہ آسٹریا کے شہنشاہ کی بیٹی سے شادی کی تھی) بلکہ خود بھی شہنشاہ بنا، اپنے بھائی کو سپین کا بادشاہ بنایا اور اپنے بہنوئی کو نیپلز کا بادشاہ مقرر کیا۔

دوسری بات جس نے مجھے حیران کیا، وہ تھی نپولین کی اپنے ساتھیوں سے بے وفائی۔ ۱۷۹۹ء میں جب اسے مصر میں ہندوستان کی طرف بڑھتے ہوئے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا تو وہ فرانس کے حالات کو بہانہ بنا کر بھاگ آیا اور ساری فوج کو دوسروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ پھر ۱۸۱۲ء میں وہ اپنے

> اس نے ہمیشہ اپنے ساتھیوں سے غداری کی

لاکھوں ساتھیوں کو ماسکو میں ناکامی کے بعد موت کے منہ میں دھکیل کر پیرس بھاگ آیا۔ اس کے بعد ۱۸۱۵ء میں واٹرلو کی جنگ اپنے خلاف جاتا ہوا دیکھ کر اپنی بہترین فوج کو دشمنوں کے ہاتھوں تہ تیغ ہونے کے لئے چھوڑ گیا۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو اس شخص کو کسی ساتھی کا خیال نہیں تھا۔ وہ تو صرف اقتدار کی دیوی کا دیوانہ تھا۔

تیسری بات جو مجھے کھٹکی وہ [illegible] [illegible] نپولین کے ساتھ کا [illegible] سلوک

آخر میں یہ عرض کرنا مناسب سمجھوں گا کہ پرلے درجہ [illegible] کا مرید بنا [illegible] تھا۔ اس کے ساتھ خدا نے اس کو ایک ملٹری صلاحیتوں سے بھی نوازا تھا اس لئے اس نے ان ملٹری صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا کر خوب اقتدار کی دیوی کی پرستش کی۔

*

در عبرت

فرمودات رسالتمآب

میاں مبارک شاہ

[illegible] سے روایت ہے۔ جناب رسول پاک نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام کیا ہوا ہے اور اسے تمہارے درمیان بھی حرام کیا ہے۔ پس ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو۔

اے میرے بندو! تم سب گمراہ ہو سوائے اس کے جسے میں ہدایت دوں۔ پس مجھ سے ہدایت طلب کرو۔ میں تمہیں ہدایت دوں گا۔

اے میرے بندو! تم سب بھوکے ہو، سوائے جسے میں کھانا دوں۔ پس مجھ سے کھانا مانگو، میں تمہیں کھانا دوں گا۔

اے میرے بندو! تم سب ننگے ہو سوائے جسے میں لباس پہناؤں۔ پس مجھ سے لباس مانگو۔ میں تمہیں لباس پہناؤں گا۔

اے میرے بندو! تم رات دن خطائیں کرتے ہو اور میں سارے گناہ معاف کر دینے والا ہوں۔ پس مجھ سے معافی مانگو، میں معاف کر دوں گا۔

اے میرے بندو! تم مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ نہ تم مجھے کوئی فائدہ پہنچا سکتے ہو۔

اے میرے بندو! اگر اول سے آخر تک تم سارے انسان اور جن کسی متقی دل کی طرح ہو جاؤ تو اس سے میری بادشاہت میں کچھ اضافہ نہیں ہو جائیگا۔

اے میرے بندو! اگر اول سے آخر تک تم سارے انسان اور جن کسی بہت بدکار دل شخص کی طرح ہو جاؤ، تو اس سے میری بادشاہت میں کوئی کمی واقع نہیں ہو جاتی۔

اے میرے بندو! اگر اول سے آخر تک تم سارے انسان اور جن ایک میدان میں جمع ہو جاؤ اور مجھ سے مانگو اور میں ہر ایک کی تمام مرادیں پوری کر دوں تو جو خزانے میرے پاس ہیں ان میں سے اس سے زیادہ کچھ کم نہیں ہو سکتا، جتنا ایک سوئی کو دریا میں ڈال کر نکال لینے سے (دریا کا پانی کم ہو سکتا ہے)۔

اے میرے بندو! یہ تمہارے ہی اعمال ہیں جنہیں میں تمہارے لئے گن کے رکھتا ہوں۔ پھر وہی تم کو پورے پورے دے دوں گا۔ پھر جو کوئی بھلائی پائے وہ اللہ تعالیٰ کی تعریف (شکر) کرے اور جو اس کے علاوہ پائے، وہ اپنے سوائے کسی اور کو ملامت نہ کرے۔ (مسلم)

(جو بھلائی پاتا ہے، اللہ تعالیٰ کی رحمت پر مبنی قوانین کے تحت اور ان کی وجہ سے پاتا ہے۔ نیز اس لئے پاتا ہے کہ اس کی بہت سی خطائیں معاف کر دی جاتی ہیں)

حدیث نبوی

اگر رات کا کھانا تیار ہو اور عشاء کی نماز شروع ہونے لگے، تو تم پہلے کھانا شروع کرو۔ طعام کو ٹھنڈا کر کے کھاؤ کیونکہ اس میں بڑی برکت ہے۔ زیادہ کھانا برا ہوتا ہے۔ بہت کھانا نحوست ہے۔ جو پیٹ کو دیکھ بھال رکھے گا، اس کی عقل تیز اور دل ہوشیار ہو جائے گا۔ یہ دو میٹھی چیزیں عمدہ ہیں کھجور اور دودھ۔ تم کو پیاز کھانا لازم ہے کیونکہ وہ قوت صاف کرتا ہے اور اولاد کو پاکیزہ کرتا ہے۔ جس نے جان چھڑا کے کھایا خدا اس سے بیماری دور کرے گا۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۴ ۔ شمارہ نمبر ۱۷ — پندرہ روزہ **کریسنٹ** ٹورانٹو کینیڈا — یکم نومبر ۱۹۷۵ء

پاکستان کی خوشحالی کیلئے اقتصادی امداد بھی دیجاتی رہے گی

عزیز احمد سے بات چیت کے دوران امریکہ کے سربراہ کی یقین دہانی

پاکستان کے وزیر مملکت نے صدر فورڈ سے فوجی امداد کے مسئلے پر بھی گفتگو کی



واشنگٹن — [illegible]

بنگلہ دیش آئندہ ہفتے سے سمندر میں تیل کی تلاش شروع کر دے گا


بھارت بنگلہ دیش کے سمندری علاقے سے تیل نکال رہا ہے

ڈھاکہ — [illegible]

اسلامی نظام رائج نہ کیا گیا تو یہ ملک باقی نہیں رہے گا

ہم اس ملک کے تمام مسلمانوں کے اتحاد پر یقین رکھتے ہیں: مولانا مودودی

لاہور — [illegible]



Design of the Jamia Mosque to be built in Islamabad.

پنجاب یونیورسٹی میں سمسٹر سسٹم رائج کرنے کی تجویز منظور کر لی گئی

ایک مضمون میں ایم اے کرنے والے امیدواروں کو دوسرے مضمون میں ایم اے کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی

یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل کے اجلاس کے اہم فیصلے

لاہور — [illegible]

امریکہ میں ٹریفک حادثات میں ۱۰ فیصد کمی کا سبب تیل کے نرخوں میں اضافہ ہے

واشنگٹن — [illegible]

سردار قیوم کی نظربندی محض انتخاب تک ہے: بی بی سی

لندن — [illegible]

محب وطن کارکنوں کو آزاد کشمیر کے کیمپ میں محبوس کر کے تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے

متحدہ جمہوری محاذ کے اجلاس میں سردار قیوم کی نظربندی کی مذمت

اجلاس میں کھر کی حمایت پر بھی غور کیا گیا

لاہور — [illegible]